07/04/2026  07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر مینتجمل اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*.......لیفٹنٹ گورنر کے ہاتھوں ریل ہیڈ کمپلیکس جموں میں جموںو کشمیر بینک کے ریجنل بزنس سینٹر کا افتتاح

*....... عدلیہ کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی تیز تر تکمیل یقینی بنانے پر وزیر اعلیٰ کا زور۔

*....... ملک میں رسوئی گیس کی پیداوار میں30فیصد اضافہ// جموںو کشمیر میں LPG کی کوئی کمی نہیں۔

اور

*....... صحت کے عالمی دن کے موقعے پر طبی اور نیم طبی پیشہ وروں کے کام کی سراہنا۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج ریل ہیڈ کمپلیکس جموں میں جموںو کشمیر بینک کے ریجنل بزنس سینٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوںنے ادارے کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔ جدید ترین سہولیات سے لیس اس ریجنل سینٹر سے وہاں عوام کےلئے بینکنگ سہولیات میں مزید بہتری آئے گی۔

امیتابھ چٹر جی نے لیفٹنٹ CEOاس موقعے پر جموںو کشمیر بینک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور گورنر کو ادارے کی مالی کارکردگی کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ JKBکا بزنس2اعشاریہ9صفر لاکھ کروڑ روپے پار کر گیا ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلی عمر عبداللہ نے آج جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموںو کشمیر اور لداخ ہا ئی کورٹ سرینگر اور جموں شاخوں کےلئے نئے ہائی کورٹ کمپلیکسز کی تعمیر پر ہو رہی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوں نے عدلیہ کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی تیز تر تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیا اور کہا کہ بہتر نتائج حاصل کرنے کےلئے بین محکمہ جا تی تال میل کو یقینی بنایا جانا چاہئے۔ کورٹ کمپلیکس کی تجد ید نو سے متعلق منصوبوں کا بھی Lower وزیر اعلیٰ نے سرینگر میں جائزہ لیا۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عدلیہ کے نظام میں جدید عدالتی بنیادی ڈھاچے کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ میٹنگ میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

CM

اسی دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی سرکار جموںو کشمیر کے تمام خطوں اور علاقوں کی مساوی ترقی کےلئے پُر عزم ہے۔

وہ سیول سیکریٹری جموں میں اُن سے ملنے آئے کئی ارکان قانون ساز اور لداخ کے رُکن پارلیمان سے بات کر رہے تھے۔ انہوننے ارکان کو یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے جائز مسائل و مطالبات کو معیاد بند طریقے پر حل کیا جائے گا۔

گیس

حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ پانچ کلو گرام کے مفت تجارتی ایل پی جی سلنڈرس کی یومیہ فراہمی کو دُوگنا کیا جائے جو مختلف ریاستوں میں مائیگرنٹ مزدوروں میں تقسیم کئے جا تے ہیں۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کے سیکریٹری ڈاکٹر نیرج مِتل نے اس سلسلے میں تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سیکریٹریز کو خط لکھا ہے۔

انہوننے کہا ہے کہ یہ پانچ کلو گرام کے ایل پی جی سلنڈر س ریاستی حکومتوں اور ان کے خوراک و شہری رسادات کے محکموں کو فراہم کئے جائیں گے تاکہ انہیں صرف مائیگرنٹ مزدوروں تک پہنچایا جائے سکے۔

LPG

حکومت جموںوکشمیر نے کہا ہے کہ یوٹی میں رسوئی گیس کی کوئی کمی نہیں ہے اور عوام کو جھوٹی افواہوں پر دھیان نہیں دینا چاہئے۔ محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ کی جانب سے عوام کی پیدا وار میں30فیصد کا اضافہ LPG کےلئے جا ری کی گئی ایک اشاعت کے مطابق ملک میں ہوا ہے جس کے نتیجے میں اسکی دستیابی میں بہتری آگئی ہے۔

لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ شہروں میں25دن اور دیہات میں45دن کے وقفے کے بعد ہی اپنا دوسرا سلنڈر آن لائن ذرائع سے بُک کرائیں۔ لوگوں کو یہ بھی صلاح دی گئی ہے کہ صرف سرکاری معلومات پر ہی اعتبار کریں۔

سکینہ کولگام

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج کولگام ضلعے میں ژالہ بھاری سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے وہاں زرعی فصلوں، میوہ باغات اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔

ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ وزیر موصوفہنے ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ نقصانات کا صحیح تخمینہ لگائیں تاکہ متاثرین کے حق میں بر وقت امداد واگذار کی جا سکے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے سکینہ ایتو نے کہا۔

----Sakeena-----

اعجاز ایوب

مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے نتیجے میں دنیا کے بیشتر ممالک میں توانائی کے مصنوعات کی کمی محسوس کی جا رہی ہے اور بھارت کے مختلف حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی اس بارے میں لوگوں کا ردِ عمل سامنے آ رہا ہے ۔

مغربی ایشیاءکی صورتحال کے تناظر میں ہمارے ملک میں اُبھرنے والے چلینجوں کے بارے میں جب ہم نے وادی کے ایک نامور ماہرِ اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب سے بات کی تو انہوننے کہا ۔

--AIJAZ AYOUB--

جاوید رانا

جنگلات اور ماحولیات کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج مینڈھر پونچھ میں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور کئی ایک کا سنگ بنیاد رکھا ۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ حکومت

خاص طور سے دور دراز علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے کےلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔

صحت دن

آج دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ تاکہ اچھی صحت سے متعلق طور طریقوں کے بارے میں بیداری پیدا کی جا سکے۔ اس موقعے پر نائب صدر یہ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مو دی اور مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے اُن تمام افراد کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے جو دوسروں کی خدمت کےلئے خود کو وقف کر دیتے ہیں۔

صحتLG

صحت کے عالمی دن پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اپنے ایک پیغام میں ڈاکٹروں ، نرسوں اور طبی و نیم طبی عملے کے باقی افراد کے کام کی سراہنا کی ہے ۔ انہوں نے ان پیشہ وروں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہاہے کہ طبی و نیم طبی عملہ قوم کو صحت مند رکھنے میں ایک اہم رول ادا کر تے ہیں۔

اِگنو

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہاہے کہ قوم کی صحیح مضبوطی کا راز لوگوں کی صلاحیتوں ان کے علم اور ان کے اقدار میں مضمر ہے۔ آج نئی دلی میناندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کے39 ویں سالانہ کنووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ اِگنو نے تعلیم کے منظر نامے میں مثبت تبدیلی عملا کر پورے ملک کا سر فخر سے اُونچا کر دیا ہے۔

ادھریونیورسٹی کے مختلف علاقائی مراکز میں بھی کنووکیشن کے سلسلے میں تقریبات کا انعقاد ہو ا ۔ ریجنل سینٹر سرینگر کا کنووکیشن سرینگر کے ڈینٹل کالج میں منعقد ہوا جہاں ادارے سے آفیسر سوربھ بھگت IAS فارغ التحصیل طلباءکو ڈگریاں اور اسناد عطا کی گئیں۔ اس موقعے پر مہمان خصوصی اور سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی مہمان ذی وقار تھے۔

رضوی نے بتایا۔AHکنووکیشن کے بارے میں اِگنو سرینگر کے ریجنل ڈائریکٹر ڈاکٹر

-----Dr.AH Rizvi----

مبارکLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے" ہند کی چادر " کے پرکاش پورب کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ مبارکبادی کے پیغام میں ایل جی نے کہا کہ گرو جی کی بے مثال تعلیمات اور اصول ہمیں حق و صداقت، ہمت اور انسانیت کا درس دیتے ر ہیں گے اور ہمیں ایک شمولیاتی و پر امن سماج وجود میں لانے کی ترغیب دیتے رہیں گے۔

عمر مبارکباد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی شری گرو تیغ بہادر جی کے پرکاش پورب پر لوگوں بالخصوص سکھ برادری کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے کہا کہ گرو جی کے زندگی اور ہم سب کےلئے مشعل راہ ہے۔

درخشاں

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سیددرخشاں اندرابی نے سرینگر کے تاریخی عید گاہ میں ایک پودا لگا کر بورڈ کی جامع شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔

انہوننے کہا کہ ماحولیات کو آلودگی سے بچانا ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ڈاکٹر اندرابی نے لوگوں سے تاکید کی کہ وہ اس مہم کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں ۔

...........Andrabi...........

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران مکانات و شہری ترقی محکمے کی طرف سے عملائی جا رہی بڑی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوننے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ سکیموں کی عمل آوری میں تیزی لائی تاکہ ان کے فوائد ہر ایک مستحق افراد تک پہنچ سکیں۔ انہوننے اس ضمن میں ایک وسیع بیداری مہم چلانے پر بھی زور دیا۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

شجر کا ری

تعلیم و سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو کی طرف سے شروع کئے گئے گرین جمونائنڈ کشمیر مشن کے تحت اعلیٰ تعلیم کے محکمے نے پورے جمونو کشمیر میں شجر کا ری کی ایک بڑی مہم کا آغاز کیا ہے۔

ڈائریکٹوریٹ آف کالجز کی طرف سے وضع کئے گئے ایک منصوبے کے مطابق جمونو کشمیر کے 145کالجوں میں اس مہم کے تحت10ہزار سے زائد پودے لگائے جائیں گے۔

سیاسیGong

*.......اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

ست شرما

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول اور دیگر لیڈروں کی موجودگی میں پارٹی کے یوم تاسیس تقریبات کی ایک کڑی کے طور پر اپنی ماہانہ اشاعت کا خصوصی شمارہ " کمل پیغام" جا ری کیا۔

اس موقعے پر ست شرما نے کہاکہ پارٹی میگزین کا یہ خصوصی شمارہ پالیسی، حکمرانی اور زمینی سطح پر وزیر اعظم نریندر مو دی کی حکمرانی کی عمل آوری کے ما بین ایک پُل کی عکاسی کرتا ہے۔ اشوک کول نے اس موقعے پر کہا کہ اس اشاعت میں بی جے پی کی حصولیابیوں کا تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے۔

شرماBJP

دریں اثناءست شرما نے آج گاندھی نگر منڈل جموں میں پنڈت دین دیال اُوپادیائے پرشِکشن مہاابھیان 2026 کے تحت تربیتی سے خطاب کیا۔

انہوننے کہا کہ اس طرح کی تربیتی پروگرام بی جے پی کے تنظیمی ڈھانچے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس تربیتی پروگرام سے پارٹی کے کئی دیگر لیڈروں نے بھی خطاب کیا۔

پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن نے آج کئی دیگر لیڈروں کے ہمراہ جگتی کالونی نگروٹہ کا دورہ کر کے وہاں حال ہی میں دریائے توی میں غرق آب ہونے کی وجہ سے جان بحق ہوئے تین نوجوانوں کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

کھٹانہ

سینئر بی جے پی لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے پارلیمنٹ میں ایک سوال کے ذریعے جموںو کشمیر میں مرکزی معاونت والی کلچر سکیموں کی عمل آوری کا معاملہ اُجاگر کیا ۔ جس کے جواب میں سیاحت اور کلچر کے وزیر گجندر سنگھ شخاوت نے کہا کہ ملک کے دیگر حصوں کی طرح جموںو کشمیر میں بھی آرٹ اور کلچر کو تحفظ اور فروغ دینے کےلئے متعدد سکیمیں عملائی جا رہی ہیں۔

NC

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری اور ممبر پارلیمنٹ چودھری محمد رمضان نے کہا ہے کہ جموںو کشمیر کی مجموعی ترقی اور لوگوں کی راحت رسانی نیشنل کانفرنس کا بنیادی ایجنڈا ہے اور عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار اس سمت میں پورے عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے۔وہ آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عوامی وفود اور پارٹی کارکنوں کے ساتھ بات کر رہے تھے۔

دریں اثناءپارٹی کے نائب صوبائی صدر کشمیر سلمان علی ساگر نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پرحضرت بل حلقے کے عہدیداروں کے ایک اجلاس کی صدارت کی اور تنظیمی امور کا جائزہ لیا۔ انہوننے کارکنوں پر زور دیا ہے کہ وہ زمینی سطح پر پارٹی کو مزید مضبوط بنانے میں اپنا رول ادا کریں۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموںو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین کی صدارت میں سٹیٹ ایگزیکٹیو باڈی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر کارکنوں اور پارٹی لیڈر شپ پر زور دیا گیا کہ وہ جموںو کشمیر میں آنے والے پنچایتی انتخابات کےلئے تیار رہیں۔

انہوننے پنچایتی انتخابات کو جمہوری عمل کا اہم ستون قرار دیا ۔

سوہن لال

کشمیر کی ثقافتی اور ادبی دنیا میں ایک اہم پیش رفت کے طور "دی کشمیری ایجوکیشن، کلچر اینڈ سائنس سوسائٹی "نے اپنا قائم کردہ نیا " پروفیسر ہری کرشن کول ایوارڈ" ممتاز ناول نگار اور ڈارمہ نویس ڈاکٹر سوہن لال کول کو عطا کیا ہے۔

یہ ایوارڈ انہیں لل دید آڈیٹوریم گریٹر کیلاش نئی دلی میں منعقد ہ ایک تقریب کے دوران دیا گیا۔

اس بارے میں ڈاکٹر سوہن لال کول نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Byte-----

پروگرام اطلاع

دریں اثناءسوہن لال کول کے ساتھ ریکارڈ کیا گیا ایک خصوصی پروگرام آکاشوانی سرینگر سے آج رات ساڑھے 8بجے نشر ہو گا۔ ان کے ساتھ ہمکلام ہونگے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

اسی دوران نامور شاعر و ادیب اور سمنانیہ بزم ادب کولگام کے سیکریٹری ڈاکٹر حسرت حسین نے ڈاکٹر سوہن لال کول کو ایوارڈ حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

پولیسGong

*........اب پیش ہیں پولیس کی عوام دوست اور منشیات مخالف سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

KP

جمونو کشمیر پولیس نے شوپیان ضلعے کے ترینز علاقے میں محمد ایوب ملک نامی ایک شخص کی قریب ایک کروڑ44لاکھ روپے کی جائیداد کو قرق کیا ہے۔ پولیس نے کہا ہے کہ مذکورہ شخص نے یہ اثاثے منشیات کے کاروبار سے حاصل کئے تھے۔

اس دوران پلوامہ، بارہمولہ اور سوپور کے علاقوں میں جمونو کشمیر پولیس نے مزید 4سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات کے کچھ مقدار بر آمد کی ہے۔

دریں اثناءپلوامہ پولیس نے ضلعے میں چلائے جا رہے دوا خانوں پر اپنی نگرانی بڑھائی ہے تاکہ اس سلسلے میں ضابطہ بند قواعد پر عمل آوری یقینی بنایا جا سکے۔

اسی دوران گاندربل پولیس کی جانب سے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ضلعے کے مختلف علاقوں میں سلسلہ وار جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

ACB

دریں اثناءجمونو کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے بارہمولہ میں محکمہ آر اینڈ بی کے میکنیکل ڈویژن میں کام کرنے والے2ملازمین کو رنگے ہا تھوں رشوت لیتے ہوئے پکڑ لیا ہے۔

ان کے نام سینئر اسسٹنٹ مشتاق احمد اور جونیئر اسسٹنٹ فاروق احمد بتائے گئے ہیں۔

پانی سطح

وادی کے مختلف علاقوں میں پچھلے چند روز کے دوران ہوئی ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشوں کی وجہ سے ندی نالوں اور دریاؤں میں پانی سطح میں اضافہ ہوا ہے۔ آبپاشی و فلڈ کنٹرول محکمے کی طر ف سے جا ری اعداد و شمار کے مطابق دریائے جہلم میں سنگم کے مقام پر پانی کی سطح3اعشاریہ1دو فٹ اور رام منشی باغ میں 7 اعشاریہ 2 پانچ فٹ درج کی گئی۔

اسی طرح ولر جھیل میں پانی کی سطح 1 ہزار 5 سو 74 اعشاریہ دو9میٹر جبکہ کھڈونی کے مقام پر ویشو نالے میں2اعشاریہ9سات میٹر ریکارڈ کی گئی ۔ اسی طرح دردہامہ گاندربل میں دریائے سندھ میں صفر اعشاریہ تین1میٹر سطح آب ریکارڈ کی گئی۔

Skill

جمونوکشمیر نے قومی سطح کے انڈیا سکلز مقابلے2025-26میں سونے کا ایک میڈل اور Medallion of Excellence حاصل کیا ہے۔تفصیلات کے مطابق نیشنل انسٹی چیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی سرینگر کی دِکشا نامی طالبہ نے فیشن ٹیکنالوجی میں گولڈ میڈل حاصل کیا اور وہ China شنگھائی میں منعقد ہونے والے ورلڈ سکلز کمپٹیشن مقابلے میں شرکت کر رہی ہیں۔

عرس

پورے برصغیر کی طرح وادی میں بھی آج حضرت امیر خسرو ؒ کا722واں سالانہ عرس مبارک نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا، اس سلسلے میں آستان عالیہ واقع نظام الدین اولیاءدلی

میں سب سے بڑی تقریب منعقد ہوئی جبکہ سرینگر میں مختلف بقہ جات اور زیارت گاہوں پر بھی تقریبات کا انعقاد ہوا۔ جس میں علمائے کرام نے حضرت امیر خسروؒ کی تعلیمات، سیرت اور کلام پر وعظ و تبلیغ فرمایا۔

اس عرس کے موقعے پر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے لوگوں کو مبارکبا دی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں اکثر مقامات پرہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت17 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 9 منٹ اور

غروب آفتاب شام6 بجکر57منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

............................

................

......